ضمیمہ ٹیلی فون نمبر 213029 C.P.L 29

روزنامہ

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

ہفتہ 19-اپریل 2003ء، 16 صفر 1424 ہجری 19 شہادت 1382 ہش جلد 53-88 نمبر 86-A

دل غمگین ہے مگر ہم رضائے الٰہی پر راضی ہیں

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا صاحبزادہ ابراہیمؓ آخری سانس لے رہا تھا۔ میں نے دیکھا کہ آپؐ کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے اور آپؐ فرما رہے تھے۔
آنکھیں آنسو بہاتی ہیں۔ دل غمگین ہے مگر ہم وہی کہیں گے جس پر ہمارا رب راضی ہے۔ اے ابراہیم ہم تیرے جانے کی وجہ سے غمزدہ ہیں۔

(صحیح بخاری کتاب الجنائز باب انابک لمحزونون حدیث نمبر 1220)

کل من علیھا فان ویبقی وجہ ربک ذوالجلال والاکرام

قدرت ثانیہ کے چوتھے مظہر اور پیغام حق کی زمین کے کناروں تک اشاعت کرنے والے امام جماعت احمدیہ

سیدنا حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابع انتقال فرما گئے

حضور نے 19-اپریل 2003ء کو لندن وقت کے مطابق صبح ساڑھے نو بجے وفات پائی

ربوہ: 19-اپریل 2003ء- انتہائی رنج اور غم اور دکھ کے ساتھ تمام جماعت ہائے احمدیہ عالمگیر کو اطلاع دی جاتی ہے کہ آج مورخہ 19-اپریل 2003ء لندن وقت کے مطابق ساڑھے نو بجے صبح سیدنا و مولانا حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابع بقضائے الٰہی حرکت قلب بند ہو جانے سے وفات پا گئے ہیں۔ اناللّٰہ و انا الیہ راجعون۔

ہمارے دل اس صدمہ اور غم سے چُور ہیں مگر ہم اپنے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ میں یہی کہتے ہیں کہ ہمارے دل محزون ہیں اور ہماری آنکھیں اشکبار ہیں لیکن ہم اسی میں راضی ہیں جس میں ہمارے خدا کی رضا ہے۔

اللہ تعالیٰ جماعت کو اس غم اور صدمے کو پورے صبر، ثبات قدم اور حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق بخشے اور جماعتی زندگی کی اس نہایت مشکل گھڑی میں اور اس نازک اور کٹھن مرحلے پر جماعت کا خود حافظ و ناصر ہو اور ہمیشہ کی طرح اب بھی ہمیں اپنی رضا کی راہوں پر چلاتے ہوئے وفا کے تمام تقاضے پورے کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ولیبدلنھم من بعد خوفھم امنا میں مذکور اپنے وعدہ کو پورا کرنے کے خود سامان فرمائے۔ آمین

ہمیں یقین ہے اور کامل یقین ہے اور ہمارا سو سال سے زیادہ عرصہ کا تجربہ اس بات پر گواہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے کبھی جماعت احمدیہ کو بے یار و مددگار نہیں چھوڑا۔ اب بھی وہی خدا ہمارا حامی اور مددگار اور محافظ ہوگا۔ انشاء اللّٰہ العزیز

(مرزا مسرور احمد)
ناظر اعلیٰ صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ
19-4-2003